14/12/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ انور الحق سے خبریں سُنئے

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے نتیجے میں نہ صرف انسانی جانیں ضائع ہوئیں بلکہ کئی خاندان بھی بکھر گئے۔

کل لوک بھون سرینگر میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے دہشت پسندی سے متاثرہ کنبوں کے 39افراد میں نوکریوں کے آڈر تقسیم کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ انتظامیہ ایسے افراد کو انصاف فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نے جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی ہے ۔

ایل جیSkims

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوامی خدمات کے تئیں طبی عملے کے رول اور جذبے کی سراہنا کرتے ہوئے کہاکہ ملک میں صحت کے شعبے کو بہتر بنانے اور عوام کی طبی ضروریات کو پورا کرنے میں ڈاکٹر اور نیم طبی عملہ جو رول ادا کر رہا ہے وہ ایک غیر متزلزل جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔

سرینگر میں منعقدہ شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز سرینگرکےSKICC ایل جی کل یوم تاسیس کی اختتامی تقریب پر خیالات کا اظہا رکر رہے تھے۔ ایل جی نے کہا کہ انتظامیہ نے گذشتہ پانچ سال کے دوران جمونو کشمیر کے طبی تعلیم شعبے اور عوامی صحت محکمے میں نمایاں بہتری لائی ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ کنونشن سینٹر میں ایڈونچر ٹور آپریٹرس ایسو سی ایشن آف انڈیا کی17ویں سالانہ ایڈونچر ٹور ازم کنونشن کے کٹن ریزن نقاب کشائی کی۔یہ کنونشن17دسمبر سے20دسمبر تک سرینگر میں منعقد ہو گا۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ کنونشن جموںو کشمیر کو عالمی ایڈونچر ٹور ازم مرکز کے طور پر اُجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ حکومت سیاحت کے فروغ اور مقامی وابستہ افراد کی معاشی بہتری کےلئے ہر ممکن تعاون جا ری رکھے گی۔

لوک عدالت

ڈسڑکٹ لیگل سروسز اتھارٹی نے ضلع عدالت سرینگر کے اشتراک سے چوتھی نیشنل لوک عدالت2025 کا سرینگر کورٹ کمپلیکس میں انعقاد کیا۔ لوک عدالت جموںو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس سنجیو کمار جو جموںو کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکٹیو چیرمین بھی ہیں،کی سربراہی میں منعقد ہوئی۔ لوک عدالت کا مقصد عوام کو فوری،سستا اور با وقار انصاف فراہم کرنا تھا۔

اس لوک عدالت میں باہمی مفاہمت کے ذریعے بڑی تعداد میں مقدمات اور معاملات جلد اور کم خرچ تصفیے پر حل کئے گئے، جس سے فریقین کو عدالتوں کے طویل عمل سے نجات ملی۔ اس موقعے پر13بینچ قائم کئے گئے جن میں مجموعی طور پر62ہزار سے زائد مقدمات کی سماعت ہوئی ، جن میں سرینگر سمیت وادی کے مختلف اضلاع کے14ہزار526معاملات خوش اسلوبی کے ساتھ حل کئے گئے۔

DLICمیٹنگ

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ڈسڑکٹ لیول Implementation کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت906، جے کے سی آئی پی کے تحت780، انٹگریٹیڈ شیپ ڈیولپمنٹ سکیم کے تحت140اور انٹگریٹیڈ ڈیری ڈیولپمنٹ سکیم کے تحت47 نئے کیس منظور کئے گئے۔

GST

اصلاحات سے بنیادی سطح پر لوگ مستفید ہو رہے ہیں - GST جموں کشمیر میں

ان اصلاحات سے مجموعی طور پرروز مرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والی متعدد چیزوںاور آلات کشا ورزی کی قیمتوں میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔

DC بانڈی پورہ

محکمہ زرعی پیداوار و کسان بہبود نے بانڈی پورہ میں جموں وکشمیر کلائمنٹ انوویشن پروجیکٹ کے تحت ضلع سطح کے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے زرعی شعبے اور ماحولیاتی توازن کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے نوجوانوں کو باو قار اور منافع بخش زرعی پیشہ اپنانے کی تلقین کی۔ انہوںنے آبی وسائل کے تحفظ کو نہایت ضروری قرار دیا۔

DCبڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ریشی پورہ میں زیر تعمیر 125 بستروں والے نئے ضلع اسپتال اور 100بستروں والے کرٹیکل کئیر یونٹ کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوںنے متعلقہ ایجنسیوں کو ان منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کی ہدایت دی۔

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے ضلع میں طبی سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی۔

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

....

....

......